اُردو (لازمی)	نہم لاہور بورڈ 2022ء	(انشائیہ طرز)
وقت: 2 گھنٹے 10 منٹ	دوسرا گروپ	کل نمبر: 60

حصہ اول

-2 درج ذیل نظم و غزل کے اشعار کی تشریح کیجیے۔ (تین اشعار حصہ نظم سے اور دو اشعار حصہ غزل سے) (10)

حصہ نظم:

(i)

بجھے گا نہ جس کا چراغ محبت
وہ پیغمبر ﷺ ذی وقار آ گیا ہے

(ii)

آبِ خنک کو خلق ترستی تھی خاک پر
گویا ہوا سے آگ برستی تھی خاک پر

(iii)

یہ جہاز اللہ کے رستے میں ہے تیغ و سپرا
ہے جسارت آفریں شوقِ شہادت کس قدر!

(iv)

سوچتا رہتا ہوں کب میرے وظیفے کی طرح
اس کی بدحالی کا آتا ہے حکومت کو خیال

حصہ غزل:

(v)

یہ وہ راستا ہے دیارِ وفا کا
جہاں بادِ صرصر و صبا ہو گئی ہے

(vi)

بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے
وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vii)

جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور
تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں

حصہ دوم

-3 درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے: (5) (5)

(الف) میرے سینے میں ایک بھی شرارہ باقی نہیں رہا۔ یہ احساس میرے لیے سوہانِ روح ثابت ہو رہا تھا کہ اپنے جگر کا خون دے دے کر میں نے فن کی جس شمع کو اب تک روشن رکھا ہے، اس کا مقصد آپ کی شاندار کوٹھی اور آپ کی شخصیت کو جگمگانے کے علاوہ اور کچھ بھی نہیں۔ ایک فنکار یہ کبھی برداشت نہیں کر سکتا کہ اس کا فن اپنا اصلی جوہر کھو کر کسی کے لیے محض ایک ذریعۂ شہرت بن کر رہ جائے۔

(ب) عام طور پر بُلبل کو آہ و زاری کی دعوت دی جاتی ہے اور رونے پیٹنے کے لیے اُکسایا جاتا ہے۔ بُلبل کو ایسی باتیں بالکل پسند نہیں۔ ویسے بُلبل ہونا کافی مضحکہ خیز ہوتا ہوگا۔ بُلبل اور گلاب کے پھول کی افواہ کسی شاعر نے اڑائی تھی جس نے رات گئے گلاب کی ٹہنی پر بُلبل کو نالہ و شیون کرتے دیکھا تھا۔

-4 درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جواب لکھیے: (10)

(i) حمد کی تعریف بیان کیجیے۔
(ii) مرزا غالب کے مزاج کی خاص خوبی کیا تھی؟
(iii) دلی قوئ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟
(iv) آرام و سکون نہ کرنے سے میاں کی صحت پر کیا اثر ہوا؟
(v) علامہ اقبالؒ کی شاعری کی کتابوں کے نام لکھیے۔
(vi) محلے میں دہشت گردی کے حوالے سے آگاہی سینٹر کے قیام کے کیا مقاصد ہو سکتے ہیں؟
(vii) بہادر شاہ ظفر نے کن اصنافِ شاعری میں طبع آزمائی کی؟
(viii) "برسات کی بہاریں" کے پہلے بند میں کون سے قافیے استعمال ہوئے ہیں؟

-5 کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (5)

(i) ہجرت نبوی ﷺ۔ (ii) لہو اور قالین۔

-6 شاملِ نصاب نظم "نعت" کا خلاصہ شاعر کا نام یا مرکزی خیال لکھیے۔ (5)

-7 اپنے دوست کو خط لکھ کر اُدھار دی گئی رقم کی واپسی کا تقاضا کیجیے مگر انداز سے کہ آپ کے دوست کو ناگوار نہ ہو۔ (10)

یا

اپنے سکول کے ہیڈ ماسٹر / ہیڈ مسٹریس یا پرنسپل کے نام فیس معافی کی درخواست تحریر کیجیے۔

-9 درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے: (5)

(i) عورتوں نے کہا ہم آتی ہیں۔
(ii) عمر نے سائرہ کو مارے۔
(iii) حسنین کتاب پڑھی۔
(iv) عابد نے شاگرد پڑھایا۔
(v) سامان، مکانات، دکانیں سب کچھ جل گئیں۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے:

(i) قاضی کے گھر کے .... (ii) بیابان کا باوا آدم ....
(iii) صورت نہ شکل .... (iv) نو سو چوہے کھا کے ....
(v) قبر پر .... مارنا۔